لاحول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم
رزق حلال کیلئے پریشان احباب کیلئے
خاص الخاص تحفہ
تحفہ رزق
مُرتب
الراقی الشرعی
ابو محمد حسان ہمدانی
ناشر
دعا ھیلنگ سنٹر رجسٹرڈ اسلام آباد پاکستان
مرکزی خانقاہ ہمدانیہ پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد

تحفہ رزق چند خصوصی اعمال پر مشتمل ایک کتابچہ ہے جو قیمتی تحفہ ہے ، رزق کیلیۓ سر گرداں احباب کیلیۓ۔ حلال رزق کا حصول چونکہ عبادت ہے اور اسکے حصول کیلیۓ نہ صرف تعلیمات نبوی صلی اللہ علیہ و سلم میں فضائل وارد ہوئے ہیں بلکہ حصول رزق کیلیۓ کوشاں رہنا اور اس کیلیۓ بنفس نفیس تشریف لے جانا سنت نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم بھی ہے۔

اس کے سہل حصول کیلیۓ اوراد و وظائف بھی منقول ہیں اور انکو کرنا یقیناً عبادت ہے اور خیر و برکت سے خالی نہیں ایسے اعمال کے ساتھ ساتھ اسلاف سے منقول چند اعمال بھی پیش کیے گئے ہیں اللہ رب العزت فقیر کی اس کوشش کو قبول فرمائیں تمام قارئین کو حلال رزق وافر مقدار میں عطا فرمائیں

آمین و صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

ابو محمد حسان ھمدانی

یاد رکھنے کی باتیں

وظائف نفلی عبادت کا درجہ رکھتے ہیں اور ان میں تاثیر تبھی پیدا ہوگی جب ہم فرائض ادا کرنے والے ہوں اور اسکے ساتھ وظائف کی چند شرائط ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

- رزق حلال کا اہتمام فرمائیں۔
- فرائض کی ادائیگی کا اہتمام دائمی بنائیں۔
- حرام امور سے اجتناب برتیں۔
- طہارت و پاکیزگی کا اہتمام فرمائیں۔
- یقین کامل سے وظائف کریں۔
- توجہ اور یکسوئی سے وظائف کریں۔
- دعاؤں اور صدقات کا اہتمام فرمائیں۔

ان سب چیزوں پر کار آمد رہیں انشاء اللہ العزیز دنیاوی واخروی لاتعداد فوائد نصیب ہوں گے۔

تنگدستی کا علاج

ایک صحابی رسول ﷺ نے آکر رحمت دوعالم ﷺ سے تنگیٔ معاش اور فقروفاقہ کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر یہ کلمات طلوع فجر کے بعد صبح کی نماز سے قبل سو مرتبہ پڑھ لیں گے تو دنیا ذلیل و خوار ہو کر آپ کے سامنے آئے گی۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ ۔ اَسْتَغْفِرُ الله

اس وظیفہ کو زندگی بھر کا معمول بنالیں انشاء اللہ العزیز رزق میں برکت و وسعت ہوگی

فقروفاقہ سے حفاظت

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے بحوالہ ابن عساکر ابو ظبیہ رحمۃ اللہ علیہ ایک واقعہ نقل فرمایا جس کا کچھ حصہ آپ حضرات کی بصارتوں کے نظر کیے دیتا ہوں وہ یہ کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مرض وفات میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ عیادت کیلئے تشریف لے گئے عیادت اور دیگر گفتگو کے بعد آخر میں خواہش ظاہر کی کہ میں بیت المال سے آپ کیلئے کچھ عطیہ بھیج دوں تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اسکی حاجت نہیں تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ لے لیجئے وہ آپ کے بعد آپ کی بیٹیوں کے کام آجائے گا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ آپ کو کہیں میری بیٹیوں کے متعلق یہ اندیشہ تو نہیں کہ وہ میرے بعد

فقر و فاقہ میں بتتلا ہو جائیں گی تو مجھے اس کے متعلق فکر نہیں کیونکہ میں نے اپنی بیٹیوں کو تلقین کی ہوئی ہے کہ رات سونے سے قبل سورہ واقعہ پڑھا کریں کیونکہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا تھا کہ

جو شخص ہر رات میں سورۃ الواقعہ پڑھا کرے گا وہ کبھی فاقہ میں بتتلا نہیں ہوگا

فراخی رزق کا لاجواب عمل

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی غربت اور تنگدستی کی شکایت کی تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

جب اپنے گھر داخل ہونے لگو تو پہلے سلام کرو خواہ گھر میں کوئی موجود ہو یہ نا ہو، پھر مجھ پر سلام (درود شریف) بھیجو اور ایک دفعہ سورۃ اخلاص پڑھو

چنانچہ ان صحابی رسول ﷺ نے اس پر عمل کیا تو اللہ رب العزت نے ان کو وسعت رزق اور خوب برکتوں سے مالا مال فرمایا جس سے انکی تنگدستی اور فقر و فاقہ دور ہو گیا بلکہ رزق میں اتنی وسعت اور برکت ہوئی کہ رشتہ دار اور پڑوسی بھی فیضیاب ہوئے

اس حدیث کے مطابق گھر میں اس طرح داخل ہونے کو معمول بنالیں

جب گھر میں داخل ہوں اور گھر کے افراد گھر میں موجود ہوں تو ایسے سلام کریں

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

اگر گھر خالی ہو تو یہ کہیں

السَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلیٰ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ

اسکے بعد نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجیں

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلیٰ رَسُوْلِ اللّٰہ

اسکے بعد سورہ توحید پڑھیں یعنی

سورۃ اخلاص

دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب ہوں

حضور نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے. جس کا مفہوم یہ ہے کہ جو شخص {سورۃ مزمل} کو مصیبت کی حالت میں تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت کو ٹال دینگے اور اسے دنیا و آخرت میں خوشیاں نصیب ہونگی اس کا افلاس دور ہوگا اور جس مشکل یا حاجت کیلئے اس سورہ مبارکہ کی تلاوت کی جائے گی وہ مشکل آسان اور حاجت پوری ہوگی۔

سورۃ مزمل

دین و دنیا کی بھلائیوں کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے اس کے قاری کو سب سے بڑا جو فائدہ اور انعام اللہ رب العزت کی جانب سے ملتا ہے وہ ہے آقائے نامدار ﷺ کی خواب میں زیارت اور روضہ رسول ﷺ کی بار ہا زیارت کا نصیب ہونا یعنی حج و عمرہ کی سعادت ملتی رہے گی

کاروباری حضرات کیلئے خاص الخاص تحفہ

ایک ولی اللہ سے ملا ایک نہایت ہی مجرب اور لاجواب عمل جس کی جتنی تعریف کی جائے اتنی ہی کم ہے جو احباب یہ عمل کریں گے انشاء اللہ العزیز وہ خود اسکی افادیت اور برکات کے معترف ہوں گے۔

عمل یہ ہے کہ بعد از نمازِ جمعہ جس جگہ فرائض و سنن ادا کیے ہیں اسی جگہ بیٹھ کر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پینتیس مرتبہ لکھیں زعفرانی روشنائی سے یا دیسی سیاہی سے بغیر لائننگ والے پاک صفحہ پر اور تسمیہ شریف انیس سو مرتبہ پڑھکر دم کردیں اس نقش معظم کو یہ عمل تین جمعۃ المبارک جاری رکھنا ہے پہلے جمعہ کو جو نقش لکھا گیا ہے اسے مقام روزگار پر چسپاں کریں یا کیش لاکر میں رکھیں دوسرے جمعہ کو جو نقش تیار کیا ہے وہ گھر میں پیسوں والی تجوری میں رکھیں یا گھر میں چسپاں کریں تیسرے جمعہ کا جو نقش مبارک ہے وہ اپنے بٹوہ یا جیب وغیرہ میں رکھیں اور تسمیہ شریف روزانہ انیس سو مرتبہ پڑھنے کو تاحیات معمول بنالیں جب سے عمل شروع کریں اگر اتنا پڑھنا ممکن نہیں تو کم از کم آٹھ سو مرتبہ لازمی پڑھیں انشاء اللہ العزیز رزق میں خوب برکت اور وسعت نصیب ہوگی اور آفات و بلیات سے حفاظت بھی رہے گی اس وظیفہ کی تاثیر بڑھانے کیلئے روزانہ حسب توفیق صدقہ معمول بنالیں انشاء اللہ العزیز اتنا رزق نصیب ہوگا کہ نسلیں بیٹھ کر کھائیں گی۔

ایک عامل کامل کا بتلایا مجرب المجرب وظیفہ

استاذ العلماء والعاملین علامہ ارشد حسن خان ثاقب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک دیرینہ تعلق تھا حضرت علامہ صاحب سے ایک ملاقات کے دوران وسعت رزق کے اعمال کے حوالے سے گفتگو ہوئی تو حضرت نے کمال شفقت فرماتے ہوئے اپنا خاص الخاص عمل عطا فرمایا حضرت کے الفاظ تھے کہ سفر و حضر میں یہ عمل میں نے کبھی قضا نہیں ہونے دیا وظیفہ ایک ہے فوائد انگنت اور یہ فوائد و انعامات نصیب اسے ہی ہوتے ہیں جو اس کو تاحیات مداومت میں رکھے۔

وظیفہ یہ ہے کہ صبح و شام {1002} مرتبہ

سورۃ اخلاص

پڑھنے کو معمول بنالیں انشاء اللہ العزیز انگنت فوائد و ثمرات عطا ہوں گے حلال رزق وافر مقدار میں نصیب ہوگا کاروبار میں خوب برکت اور وسعت ہوگی جادو جنات نظر بد اور دشمن اور اسکے ہر وار سے حفاظت رہے گی۔

خوشحالی کیلئے لاجواب وظیفہ

مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا وسعت رزق کیلئے وظیفہ پیش خدمت ہے کہ صبح و شام ستر مرتبہ

اَللّٰہُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَ ہُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ

{سورۃ الشوری : 19} پڑھنے کو معمول بنالیں انشاء اللہ العزیز رزق کی تنگی

سے محفوظ و مامون رہیں گے رزق میں خوب برکت و وسعت نصیب ہوگی

وسعت رزق و رفع درجات کے واسطے

میرے مشفق و مہربان مرشد استاذ العلماء والعالمین پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مولانا رضا الاحد قادری صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ سے ملا ایک مختصر مگر پر اثر وظیفہ میں نے جس کسی کو بھی کروایا اسپر موجود جادو جنات اور بندشوں کا خاتمہ ہوا اور اسکے علاوہ اور بھی بہت سے دینی و دنیوی فوائد نصیب ہوئے۔

عمل یہ ہے کہ بعد از نوافل تہجد یا نماز عشاء وقت اور جگہ مختص کر کے

اَللّٰہُ الصَّمَد

(1001) مرتبہ پڑھنے کو زندگی بھر کا معمول بنالیں وسعت رزق، کاروبار میں ترقی، جادو جنات اور بندشوں کا خاتمہ اور انشاء اللہ العزیز انگنت فوائد و ثمرات نصیب ہوں گے۔ جس کے متعلق شاید کبھی تصور میں سوچا بھی نہ ہو شرط یہی ہے پابندی سے اس وظیفہ کو جاری رکھیں یہ وظیفہ حصول ملازمت کیلئے بھی بہت مفید پایا گیا ہے

قرض کی ادائیگی اور وسعت رزق کیلئے

بندہ عاجز کے بھائیوں جیسے دوست میرے محسن سندھ کی معروف ہستی جن کے آستانہ پر مخلوق خدا دور دور سے جوق در جوق حاضر ہوتی ہے اور ایک کثیر حلقہ اس مستجاب الدعوات شخصیت سے دعا کروانا اور ان سے روحانی علاج کروانا اپنے لیے سعادت سمجھتا ہے میری مراد عامل کامل حضرت مولانا علامہ محمود ریاض صاحب دامت برکاتہم العالیہ ہیں حضرت دامت برکاتہم العالیہ جب بھی پنجاب تشریف لاتے ہیں بندہ عاجز کے ہاں ہی قیام فرماتے ہیں حضرت حفظہ اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ ایک عمل جس سے بہت لوگ فیض یاب ہو چکے ہیں حضرت دامت برکاتہم العالیہ کی اجازت کے ساتھ آپ قارئین کی نظر کرتا ہوں وظیفہ مختصر ہے مگر اس کے مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں وظیفہ یہ ہے کہ بوقت چاشت نوافل ادا کرنے کے بعد حالت سجدہ میں بارہ سو مرتبہ

یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ

اس کے بعد خشوع و خضوع کے ساتھ اپنے مقصد و حاجت کیلئے خوب دعا فرمائیں یہ عمل کم از کم بارہ دن جاری رکھیں عمدہ ہے کہ چالیس دن جاری رکھیں اس کے بعد معمول ہر نماز کے ساتھ {112} مرتبہ پڑھنے کا بنالیں انشاء اللہ العزیز قرض ادائیگی کے اسباب جلد پیدا ہوں گے اور اگر حصول ملازمت کیلئے کیا تو بہت جلد عمدہ ذریعہ معاش نصیب ہو گا

مقروض اور بے روزگار کیلئے خصوصی وظیفہ

کسی شخص پر قرض دن بدن بڑھتا جارہا ہو حالات ایسے ہوں کہ اس کے اترنے کی کوئی سبیل پیدا نہ ہورہی ہو یا مناسب روزگار بسیار کوشش و تگ و دو کے نہ مل رہا ہو ایسی صورت میں اس وظیفہ کو یقین کامل سے کریں انشاء اللہ العزیز چند ہی دنوں میں معاملات بہتر ہونا شروع ہوجائیں گے سب سے قبل ہر نماز کے بعد {129} مرتبہ

یَالَطِیْفُ

پڑھیں اور اپنے مقصد کیلئے دعا کریں باوضو رہیں اور دن بھر چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے بکثرت

یَااللّٰہُ یَابَاسِطُ یَارَزَّاقُ

پڑھتے رہیں انشاء اللہ العزیز فائدہ کثیر ہوگا قرض ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے حلال رزق وافر مقدار میں نصیب ہوگا عمدہ ذریعہ معاش عطا ہوگا از غیب نصرت ہوگی

گھر گاڑی و روزگار

بعد از نماز فجر اگر اس وظیفہ کو زندگی بھر کا معمول بنالیں انشاء اللہ العزیز دنیا آپ کے قدموں میں ہوگی وظیفہ مختصر ہے فقط کامل یقین کے ساتھ کیا جائے وظیفہ یہ ہے کہ

حَسبُنَا اللّٰهُ وَنِعمَ الوَکِیل

(450) مرتبہ پڑھنے کو معمول بنالیں اس کے ساتھ دن بھر چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے استغفار کی کثرت فرمائیں اور صدقات وخیرات حسب توفیق روزانہ ادا کرتے رہیں کسی سائل کو خالی ہاتھ مت جانے دیں انشاء اللہ العزیز حلال رزق وافر مقدار میں نصیب ہوگا ہر طرح کی بندشیں رکاوٹیں دور ہونگی

خاتمہ بندش وتنگدستی کا علاج

مالی حالات چاہے کسی دنیاوی سبب سے متاثر ہوئے ہوں یا جادو جنات کے باعث اس وظیفہ کو کرنے سے انشاء اللہ العزیز جادو جنات اور ان سے پیدا ہونے والی بندشوں اور نحوستوں کا خاتمہ ہوگا کاروبار ورزق میں خوب ترقی اور برکت پیدا ہوگی وظیفہ یہ ہے کہ

سورۃ الم نشرح

چالیس دن بعد از نمازِ فجر اور مغرب {72} مرتبہ پڑھیں چالیس دن کے بعد ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنے کو اپنا معمول بنالیں اور دن بھر چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے بکثرت تیسرا کلمہ {کلمہ تمجید} پڑھتے رہیں انشاء اللہ العزیز فائدہ کثیر ہوگا

دشمنوں سے حفاظت اور رزق میں برکت

موجودہ دور میں جب انسان حلال رزق کی تلاش میں کوشاں رہتا اور جیسے جیسے ترقی کی منازل طے کرتا جاتا وہیں اس کے اردگرد منافقین اور حاسدین پیدا ہونے شروع ہوجاتے ہیں جنہیں ہر مثبت شے بھی منفی لگتی ہے ایسے لوگ پھر اوچھے ہتھکنڈوں کا استعمال کرتے ہیں جادو کا سہارا لیتے ہیں لوگوں کے کان بھرتے ہیں بدگمانیاں پیدا کرتے ہیں ایسے لوگوں کو انکی اوقات میں رکھنے کیلیئے اور ان پر حاوی رہنے کیلیئے مال و دولت کو انکے اوچھے ہتھکنڈوں سے محفوظ رکھنے کیلیئے اور جادو جنات اور کاروباری بندشوں کے خاتمہ اور ترقی کیلیئے یہ وظیفہ اکسیر کا درجہ رکھتا ہے وظیفہ یہ ہے کہ بعد از نماز فجر جہاں فرض ادا کیے ہیں وہیں بیٹھ کر {110} مرتبہ کامل یقین و تصور کیساتھ

سورۃ القریش

پڑھیں یہ وظیفہ چالیس دن جاری رکھیں چالیس دن کا وظیفہ مکمل ہونے کے بعد ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ القریش مع تسمیہ پڑھنے کو زندگی بھر کا معمول بنالیں اور ممکن ہو تو جب دکان کارخانہ یا آفس وغیرہ کھولیں تو سورۃ القریش {21} مرتبہ پڑھکر چھے جہتی حصار کرلیں انشاء اللہ العزیز فائدہ کثیر ہوگا

حصول ملازمت کیلئے خصوصی عمل

اس معاملہ میں بہت سے افراد رابطہ فرماتے ہیں تو عمل پیش کرنے سے قبل چند گذارشات یہ ہیں کہ عموماً معاملات میں رکاوٹ نظر بد بندش اور سحر و آسیب کے باعث ہوتی ہے تو اسکے لیے جہاں سے بھی اطمینان قلبی ہو باقاعدہ روحانی علاج کروائیں وظیفہ یہ ہے کہ اگر ملازمت کیلئے امتحان ہے تو اسکی خوب تیاری فرمائیں اور بعد از نماز فجر

یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیْمُ

{313} مرتبہ امتحان دینے تک پڑھتے رہیں اس کے بعد رزلٹ آنے تک بلاناغہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے بکثرت یہ اسمائے مبارکہ کامل یقین و تصور کے ساتھ پڑھتے رہیں

یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ

انشاء اللہ العزیز جلد جوائننگ لیٹر آئے گا ملازمت لگ جائے گی تمام رکاوٹیں دور ہوں گی

ملازمت کی درخواست دینے کیبعد خصوصی وظیفہ

ملازمت کی درخواست یا {CV} دینے کے بعد سے چالیس دن متواتر بلاناغہ ہر نماز کے بعد کامل یقین اور تصور کے ساتھ اس وظیفہ کو کریں اور ممکن ہو تو دن بھر بھی اس وظیفہ کو کرتے رہیں انشاء اللہ العزیز بہت فائدہ ہو گا وظیفہ یہ ہے کہ

سورۃ ضحیٰ

ہر نماز کے بعد تیرہ مرتبہ مع تسمیہ شریف پڑھیں انشاء اللہ العزیز فائدہ کثیر ہو گا

تبادلہ کروانے کیلئے مجرب المجرب وظیفہ

سورۃ الکوثر

صبح وشام کامل یقین اور تصور کے {129} مرتبہ پڑھیں اور اپنے مقصد کیلئے خوب دعا فرمائیں انشاء اللہ العزیز ایک ماہ کے اندر جہاں آپ چاہیں گے تبادلہ ہو جائے گا یا اس کے امکانات پیدا ہونے شروع ہو جائیں گے

تبادلہ رکوانے کیلئے مجرب المجرب وظیفہ

سورۃ اللھب

انیس دن متواتر بعد از نماز عشاء وقت اور جگہ مختص کر کے {313} مرتبہ پڑھتے رہیں انشاء اللہ العزیز تبادلہ رک جائے گا بہت مجرب وظیفہ ہے۔

ہمارا عزم ہمارا منشور

ہمارے سینکڑوں بہن بھائی مالی مشکلات ، بندشوں ، مصیبتوں ، آزمائشوں اور دیگر روحانی و جسمانی امراض کا شکار ہیں اور کرب بھری زندگی گزار رہے ہیں ان بیماریوں و پریشانیوں کے باعث کتنے گھر بکھر گئے اجڑ گئے ویران ہو گئے راحت سے زندگی بسر کرنے والے سڑکوں پر بھیک مانگنے پر مجبور ہو گئے ۔

ہمارا عزم ہے جیسا ہمارے اسلاف میں یقین تھا اللہ رب العزت کا نام پکار کر اوراد و وظائف کے ذریعہ دینی دنیوی اور اخروی مرادیں پالیا کرتے تھے ہم بھی ایسے بن جائیں اور مخلوق خدا کو اپنی سی کوشش سے بنالیں انشاء اللہ العزیز اور نفرتوں کی آگ میں محبتوں کا پانی ڈالیں بے سکون اور بے چین انسانیت کیلیئے روحانی خدمات سر انجام دیں یہی ہماری خانقاہ اور اس کے تحت چلنے والے اداروں کا پیام و منشور ہے

بہترین صدقہ جاریہ

ہماری جانب سے دکھی انسانیت کی روحانی خدمت کیلیئے مختلف موضوعات پر اس طرح کے سینکڑوں کتابچے تقسیم کیے جا رہے اور ہزاروں گھروں میں یہ اوراد و وظائف کیے جا رہے ہیں اپنی مشکلات کے حل کیلیئے اور اپنے پیاروں کے ایصال ثواب کیلیئے

یہ کتابچہ زیادہ سے زیادہ تقسیم کروائیں جو حضرات ان کتابچوں کو صدقہ جاریہ وایصال ثواب کی غرض سے اپنے پیاروں کیلیئے کثیر تعداد میں چھپواکر اپنے علاقہ میں تقسیم کروانا چاہتے ہیں وہ ادارہ کے نمبر پر مزید تفصیلات کیلیئے رابطہ فرمالیں نیز جن خواتین وحضرات کے پاس یہ {P D F} شکل میں ہے وہ اسے بھرپور انداز میں صدقہ جاریہ کی نیت سے شئیر فرمائیں اللہ کریم ہم سب کی سعی کو قبول و منظور فرمائیں آمین یارب العالمین ۔

کہیں ایسا تو نہیں؟

باوجود محنت کے کاروبار نہیں چل رہا؟ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود آپ بے روزگار ہیں ؟ ہر کام میں نقصان ہوتا ہے ؟ ذہنی انتشار اور مایوسی کا شکار ہیں ؟ کسی کاروبار یا ملازمت میں دل نہیں لگتا؟ بیماریاں ٹیسٹوں میں نہیں آتیں؟ عزت، تعلیم ، رزق، صحت ، اولاد، رشتہ یا سفر کی بندش ہے ؟ جس کام کی کوشش کرتے ہیں ناکامی ہوتی ہے ؟ باوجود محنت کے خاطر خواہ نتائج حاصل نہیں ہوتے ؟ دینی و دنیوی معاملات میں رکاوٹیں ہیں ؟ عبادات میں مداومت اور یکسوئی نہیں ہے عجیب و غریب خیالات کا شکار ہیں ؟ اگر ایسا ہے

تو ایسی صورت میں اپنی روحانی تشخیص کروائیں